تمام نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو شادی سے پہلے یا شادی کے بعد اس کا مطالعہ کرنا انتہائی سودمند رہے گا اور انہیں اپنے اپنے فرائض اور دائرہ کار سے واقفیت ہو جائے گی۔ اس طرح ان کی زندگی کئی طرح کی الجھنوں سے محفوظ ہو جائے گی۔ اگر والدین شادی کے موقع پر یہ کتاب اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کو تحفہ کے طور پر دیں تو بہت مفید رہے گی۔ یہ کتاب ہر مسلمان خاندان کے جوان لڑکوں اور بہو بیٹیوں کے پڑھنے کی چیز ہے۔

(۳)

نام کتاب : آئینہ انوار مصنف: مسرور کیفی

ضخامت : 79 صفحات ۔ قیمت: 40روپے

ملنے کا پتہ: جہان نعت' شارع مسجد حدیبیہ' گلشن حدید فیز2' بن قاسم ٹاؤن' ضلع ملیر کراچی

مسرور کیفی قادر الکلام شاعر تھے۔ شاعری میں انہوں نے صنف نعت گوئی کو اپنایا۔ اُن کے اشعار عشقِ رسولؐ کا مظہر اور نعتیں عقیدت اور محبت کا نمونہ ہیں۔ سادگی اور برجستگی اُن کے کلام کی امتیازی صفات ہیں۔ مسرور کیفی گوشہ نشین قسم کے آدمی تھے۔ نمود و نمائش سے انہیں کوئی سروکار نہ تھا۔ قناعت پسند اور خوددار تھے۔ مشاعروں میں شرکت اُن کے مزاج کے خلاف تھی۔ عاجزی اور انکساری اُن کی امتیازی صفات تھیں۔ مسرور کیفی کے بیس سے زیادہ نعتیہ مجموعے مختلف ناموں سے شائع ہو چکے ہیں' انہی میں سے ایک آئینہ انوار ہے۔

آئینہ انوار کے آغاز میں حمد باری تعالیٰ ہے۔ پھر ستر (۷۰) سے زیادہ نعتیں ہیں۔ ہر نعت تقریباً سات اشعار پر مشتمل ہے۔ مسرور کیفی کی ہر نعت عشق محبت کے پھولوں کا حسین مجموعہ ہے جسے انتہائی سلیقے کے ساتھ سجایا گیا ہے۔

(۴)

نام کتاب : محبوبِ خدا ﷺ کی دلربا ادائیں

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 197 صفحات ۔ قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' ضلع نوشہرہ' سرحد

فاضل مصنف نے ۱۶۰۸ صفحات پر مشتمل بڑے سائز کی تین جلدوں میں شمائل ترمذی

کی شرح لکھی ہے اور اب وہ اس ضخیم کتاب کو چھوٹے چھوٹے اجزاء کی شکل میں شائع کر رہے ہیں تا کہ اس سے زیادہ سے زیادہ لوگ فائدہ اٹھائیں۔

''محبوبِ خدا ﷺ کی دلربا ادائیں'' نامی کتاب بھی شرح شمائل ترمذی کا ایک جزو ہے' جس کو مختلف عنوانات کے تحت سات ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ چند ایک عنوانات یہ ہیں: رسول اللہ ﷺ کا خوشبو کا استعمال' آپؐ کا اندازِ گفتگو' آپؐ کا تبسم' آپؐ کی خوش طبعی اور لطائف وظرائف۔ یہ کتاب شمائل ترمذی کی 36 احادیث کی عالمانہ تشریح ہے جس کے لفظ لفظ سے محبتِ رسولؐ ٹپکتی ہے۔ مصنف نے ہر حدیث کے الفاظ کے معانی بیان کرتے ہوئے تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے اور پھر حدیث میں بیان کردہ ہر بات کو بڑے احسن انداز میں واضح کیا ہے۔ یہ کتاب دینی مدارس کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ عوام الناس بھی پڑھیں گے تو محبوبِ خدا ﷺ کے اعلیٰ اوصاف کا مطالعہ اُن کے کردار وعمل میں حسن وجمال پیدا کرے گا۔ کتاب کا ٹائٹل خوبصورت اور جلد مضبوط ہے۔

(۵)

نام کتاب : امام شاہ ولی اللہؒ اور اُن کے افکار ونظریات

مؤلف : مولانا عطاء الرحمٰن قاسمی

ضخامت : 478 صفحات ۔ قیمت: 250 روپے

ملنے کا پتہ: شاہ ولی اللہ انسٹی ٹیوٹ N-80/C ابوالفضل انکلیو' اوکھلا' نئی دہلی

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ؒ عبقری شخصیت کے مالک تھے۔ وہ ایک دینی اور علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ہندوستان کی تاریخ میں مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ کے بعد شاہ ولی اللہ مسلمانوں کے ہر مکتبہ فکر اور مسلک کے مابین یکساں قدر ومنزلت کے حامل تھے۔ اُن کی متوازن اور معتدل فکر نے ہر طبقے کے لوگوں کو متاثر کیا۔ قرآن کی تعلیمات کو عام کرنے میں اُن کی لائق تحسین خدمات نا قابل فراموش ہیں۔ شاہ ولی اللہؒ سب سے پہلے عالمِ دین ہیں جنھوں نے عوام کالانعام اور علمائے سوء کی شدید ترین مخالفت کے باوجود قرآن مجید کا رائج الوقت زبان (فارسی) میں ترجمہ کیا۔ اس طرح انہوں نے عوام کا رُخ قرآن خوانی سے قرآن فہمی کی طرف موڑا۔ بعدہٗ اس کام کو اُن کے فرزندان ارجمند نے آگے بڑھاتے